# کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی

## نیلام عام برائے ڈیجیٹل سکرین

فائیلر / انکم ٹیکس رجسٹرڈ عوام الناس / ایڈورٹائزنگ فرموں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ ایریا راولپنڈی کینٹ میں درج ذیل مقام پر ڈیجیٹل سکرین کی تنصیب کے ذریعے ایڈورٹائزنگ حقوق نیلام مورخہ 09 دسمبر 2025 بوقت 12:00 بجے عرصہ تین سال کے لیے جاری ہے، جس کی تجدید دوسرے سال اور تیسرے سال 10 فیصد کمپاؤنڈ اضافے کے ساتھ ہوگی۔ اگر کسی وجہ سے بولی نہ ہوسکی تو دوبارہ بولی 10 دسمبر 2025 کو اور سہ بارہ مورخہ 11 دسمبر 2025 کو منعقد ہوگی۔

| S.No | Location of Site | Size | Qty | Remarks |
|---|---|---|---|---|
| 1. | Kashmir Road (From GPO Chowk to Adamjee Road) | 6x3 | 10 | SMD's(Digital Steamer on poles) |

**شرائط وضوابط:**

1۔ کنٹریکٹر نیلامی کی حتمی منظوری کی تاریخ سے برائے عرصہ 03 سال (مشروط کمپاؤنڈ 10 فیصد اضافہ سالانہ بمطابق فیصلہ کینٹ بورڈ راولپنڈی) ہوگا

2۔ سائٹ کا قبضہ (HandingTaking) اور سکرین ڈسپلے کنٹریکٹ ایگریمنٹ کے بعد دیا جائے گا اور اس سلسلے میں کسی قسم کی تاخیر کا ذمہ دار بورڈ نہ ہوگا

3۔ بولی شروع ہونے سے بیشتر ہر بولی دہندہ کو مبلغ 10 لاکھ روپے کا پے آرڈر بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی (فی سائیٹ) بطور ضمانت ہمراہ شناختی کارڈ کی کاپی بولی سے قبل جمع کروانا ہوگا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کا 1/4 حصہ بولی ختم ہونے کے فوراً بعد موقع پر ہی جمع کروانا ہوگا اور بولی کی منظوری کے بعد قبضہ لینے سے پہلے بولی کی رقم کے برابر ماہوار 11 ماہ کے پیشگی چیک بنام ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی کینٹ جمع کروانا ہوگا۔

5۔ 1/4th رقم بطور سیکورٹی کنٹونمنٹ کے پاس رہے گی جو مدت معاہدہ کی تکمیل کے بعد حسابات Clear ہونے کے بعد واپس کردی جائے گی اور سیکورٹی کی رقم واجب الادا رقم کے کھاتے میں ایڈجسٹ کی جاسکے گی البتہ یہ ایڈجسٹمنٹ آخری قسط کے وقت کی جائے گی۔

6۔ کینٹ بورڈ کے نادہندگان بولی میں حصہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ پر انکم ٹیکس کا اطلاق گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے تحت ہوگا جو کہ پہلے سال کی مدت کے لیے انکم ٹیکس یکمشت پیشگی جمع کروانا ہوگا بصورت دیگر کینٹ بورڈ کو حق حاصل ہوگا کہ بولی کی جمع شدہ رقم ضبط کر کے مذکورہ ہورڈنگ بورڈ / ڈیجیٹل سکرین دوبارہ نیلام کردیا جائے۔

8۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی حتمی منظوری کے بعد کنٹونمنٹ بورڈ کے ساتھ اپنے خرچہ پر باقاعدہ تحریری معاہدہ کرنا ہوگا اور اس کو سب رجسٹرار سے رجسٹرڈ کروانا ہوگا۔

9۔ کامیاب بولی دہندہ سٹرکچر سٹیبلٹی سرٹیفکیٹ دینے کا پابند ہوگا۔

10۔ زیر دستخطی کو پیپرا رولز کے تحت کسی ایک یا تمام بولیوں کو (قبل از منظوری) مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

11۔ دیگر شرائط دفتری اوقات کار دفتر ہذا سے معلوم کی جاسکتی ہیں۔

12۔ کسی بھی قسم کے تنازع کی صورت میں پریزیڈنٹ کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی ثالث ہوگا اور اس کا فیصلہ دونوں پارٹیوں پر من وعن لاگو ہوگا۔

13۔ یہ اشتہار ML&C APP اور RCB ویب سائٹ پر اپلوڈ ہوگا۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

051-9274406
UAN# 051-111-07-07-07
www.rcb.gov.pk